# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/SAI/01 | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کام کرنے کی جگہ (Workplace) | پاکستان | | شعبہ (Department) | اطراف کے علاقے |
| منصب (Designation) | نگران مجلس | | جوابدہ (Report to) | رکنِ شوریٰ |
| کام (Function) | دُور دراز کے شہروں اور دیہاتوں میں رہنے والے عاشقانِ رسول میں نیکی کی دعوت کو عام کرنا | | ماتحت اسٹاف (Subordinate Staff) | شعبے کے تمام ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور رکنِ شوریٰ کو مکمل معاونت (Help) و معلومات فراہم کرنا۔
2. شعبے کیلئے اہل، تجربہ کار، تنظیمی طور پر مضبوط مجلس بنانا، اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا اور انکی مؤثر رہنمائی کے ذریعے ان سے کام لینا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
3. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
4. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/ کروانا۔
5. دُور دراز کے چھوٹے/بڑے شہروں اور دیہاتوں میں رہنے والے عاشقانِ رسول سے ملاقات و انفرادی کوشش کرکے دینی کام شروع کرنا/ کروانا۔
6. باا ثر افراد کے گھروں اور دفاتر میں مدنی حلقے لگانا نیز انہیں دعوت اسلامی کی دینی خدمات سے آگاہ کرنا/ کروانا۔
7. اطراف کے علاقوں میں رہائش پذیر (Residential) افراد کے گھروں میں ممکنہ صورت میں مدنی چینل چلوانا اور دیکھتے رہنے کا ذہن (Mindset) دینا/دلوانا۔
8. متعلقہ علاقوں میں رہائش پذیر عاشقانِ رسول کو مختلف کورسز (مبلغ کورس، فیضان نماز کورس، تربیتی کورس، قاعدہ ناظرہ کورس وغیرہ) کروانے کے نظام کو مضبوط کرنا۔
9. مقامی مبلغین تیار کرنا اور اطراف کے علاقوں میں رہائش پذیر عاشقان رسول کو مختلف تنظیمی ذمہ داریاں دینے کا اہتمام کرنا۔
10. دُور دراز کے چھوٹے/بڑے علاقوں اور دیہاتوں (Villages) میں ماہانہ اجتماعات (ہفتہ وار اجتماع) کروانا اور اجتماعات کیلئے سواریوں کے انتظامات کروانا۔
11. عاشقان رسول کو رمضان شریف میں اعتکاف کے لیے تیار کرنا اور ایک ماہ/آخری عشرے کے اعتکاف میں شرکت کروانا۔
12. باا ثر افراد و دیگر عاشقان رسول کے بچوں کو جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی، دار المدینہ اور فیضان اسلامک سکول میں داخل (Admission) کروانا۔
13. شعبے کے جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ کرنا/ کروانا۔
14. شعبے کے ایس او پیز، جاب ڈسکرپشنز کا مطالعہ کرنا، کے پی آئیز سمجھنا/ سمجھانا نیز تنظیمی معلومات و اپڈیٹس سے آگاہ رہنا۔
15. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/ کروانا۔
16. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا، طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
17. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/ کروانا۔
18. شعبے میں شرعی رہنمائی کے لیے مقرر ذمہ دار کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** گریجویشن + ایم ایس آفس
- **دینی تعلیم:** درس نظامی + 12 ماہ کا قافلہ کیا ہو + 12 دینی کام، اصلاح اعمال، فیضان نماز کورس کیے ہوں
- **متعلقہ شعبے میں** کم از کم 5 سے 6 سال کا تجربہ
- Leadership, People Management, Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Conceptual Skills, Rapport-building, Critical thinking

**اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔**

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحت ذمہ داران کو بھی ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے دیئے گئے اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت فرمائیں نیز وقتاً فوقتاً علماء ومشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، دار الافتاء اہلسنت اور فیضانِ مدینہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیف شدہ اور المدینۃ العلمیہ کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔